خط کے حصّے

عموماً خط مندرجہ ذیل حصوں پر مشتمل ہوتا ہے:

(۱) مقامِ روانگی اور تاریخ (۲) القاب (۳) آداب وتسلیمات (۴) خط کا مضمون (۵) اختتامِ مکتوب

(۶) کاتب یا خط لکھنے والے کا نام اور پتا (۷) مکتوب الیہ کا پتا

القاب وآداب

مکتوب الیہ	القاب وآداب	خاتمہ
والد	محترم ابا جان! السلام علیکم!	آپ کا بیٹا
والدہ	محترمہ امی جان! السلام علیکم!	آپ کا بیٹا
چچا	محترم چچا جان! السلام علیکم!	آپ کا بھتیجا
چچی	محترمہ چچی جان! السلام علیکم!	آپ کا بھتیجا
ماموں	محترم ماموں جان! السلام علیکم!	آپ کا بھانجا
ممانی	محترمہ ممانی جان! السلام علیکم!	آپ کا بھانجا
خالو	محترم خالو جان! السلام علیکم!	آپ کا فرمانبردار
خالہ	محترمہ خالہ جان! السلام علیکم!	آپ کا فرمانبردار
استاد	استادِ محترم! السلام علیکم!	آپ کا شاگرد
دوست	سیّد بھائی، چودھری بھائی، پیارے دوست! السلام علیکم!	آپ کا صادق
بڑا بھائی	محترم بھائی جان! السلام علیکم!	آپ کا ننھا بھائی
چھوٹا بھائی	پیارے بھائی! السلام علیکم! عزیزم!	آپ کا دعا گو
بڑی بہن	پیاری آپا جان! السلام علیکم!	آپ کا عزیز بھائی
چھوٹی بہن	پیاری بہن! السلام علیکم! مُنّی آپا!	آپ کا بھائی
سہیلی	عزیز سہیلی، پیاری سہیلی، سلمٰی باجی، پیاری عظمٰی! السلام علیکم!	آپ کی سہیلی
اجنبی	مکرّمی! محترمی! شیخ صاحب! سیّد صاحب! مکرّم بندہ! السلام علیکم!	نیاز مند! خاکسار! خیر اندیش! آپ کا مخلص! بہی خواہ! خیر طلب